SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
January 30, 2020

ایس ای سی پی نے ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز میں سرمایہ کاری کے مواقعوں کو اجاگر کیا ہے

اسلام آباد (30 جنوری) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقعوں کو فروغ دینے کے لیے ایک سیمینار کا انعقاد کیا جس کا مقصد حالیہ ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز کے اجراء سے متعلق معلومات کی فراہمی کے علاوہ خصوصاً ریٹائرڈ بینیفٹ فنڈز، کارپوریٹ کے شعبے اور بیمہ کمپنیوں جیسے انفرادی اور ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کو آگاہی فراہم کرنا ہے۔

ایس ای سی پی کے کمشنر فروخ سبزواری نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کم لاگت ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز پاکستان میں سرمایہ کاروں کے لئے سرمایہ کاری کا انتہائی پرکشش ذریعہ ہیں اور اس کے کئی اور شاندار فنڈز جلد متعارف کروائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز بین الاقوامی سرمائے کی منڈیوں میں یکساں مقبول ہے اور عالمی کیپٹل مارکیٹ میں اس کا حجم 7 ٹریلین ہے جو کہ گلوبل ایکویٹی کا بیس فیصد بنتا ہے۔ انہوں نے چار ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں جن میں این آئی ٹی لمیٹڈ، یو بی ایل فنڈ مینجرز لمٹیڈ، ال میزان انویسٹمنٹ مینجمنٹ لمٹیڈ اور نیشنل بینک آف پاکستان فنڈ مینجمنٹ لمٹیڈ کی جانب سے پاکستان سٹاک ایکسچینج میں متعلقہ ای ٹی ایف متعارف کروانے کو سراہا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چاروں ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے چیف انویسٹمنٹ آفیسرز نے متعارف کروائے گئے ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز کی منفرد خصوصیات پر روشنی ڈالی۔

پاکستان سٹاک ایکسچینج اور ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے اشتراک سے منعقد یہ سیمینار ایس ای سی پی کی طرف سے گزشتہ کئی ماہ کے دوران ہونے والا ویبنار کے سلسلہ کا حصہ ہے جس کا مقصد تمام شراکتداروں انٹرایلیا، بروکیج ہاؤسز ایسٹ مینجر اور انسٹیٹیو شنل انوسٹرز کی شمولیت کے ذریعہ ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز کے حوالے سے آگاہی کی کمی کو پورا کرنا ہے۔ سیمینار میں متعدد شرکاء نے آن لائن ایپلیکشن زوم کے ذریعہ شرکت کی۔